05776NYCS-DS-041

# Comerica Bank کا پری پیڈ ®Mastercard کارڈ کے کارڈ ہولڈر کا اقرار نامہ

Comerica Bank ("ہم"، "ہمیں" اور "بینک") آپ کو یہ شرائط ("شرائط") اور ملفوف نیو یارک وے فراہم کر رہا ہے ®Way2Go Card® Mastercard کارڈ ("کارڈ") کیونکہ آپ نے ریاست کے ساتھ کارڈ کے ذریعے ان ادائیگیوں کو قبول کرنے پر اتفاق کیا ہے جن کے آپ اہل ہیں۔ آپ کا اس پری پیڈ کارڈ کو قبول کرنا ضروری نہیں ہے۔ کارڈ کو ہماری جانب سے Mastercard International Incorporated کی طرف سے لائسنس کے مطابق جاری کیا گیا ہے۔ یہ شرائط کارڈ کے حوالے سے آپ کے حقوق اور فرائض کی وضاحت کرتی ہیں۔ اگر آپ کے سوالات ہوں، اپنے اختیارات پر بات کرنا چاہتے ہوں، یا ان شرائط سے متفق نہ ہوں، تو آپ پر اپنی ادائیگیوں کی عمل کاری والی ایجنسی یا مقامی دفتر سے رابطہ کرنا اور کارڈ کو فعال نہ کرنا لازم ہے۔ آپ اسے دو ٹکڑے کر کے تلف کر سکتے ہیں۔
آپ ملفوف کارڈ استعمال نہیں کر سکتے تاوقتیکہ آپ اپنا ذاتی شناختی نمبر (PIN) منتخب نہ کر لیں، جو کہ کارڈ کو بھی فعال کر دے گا۔
ان شرائط کے ساتھ موجود ہدایات کے مطابق اپنا PIN منتخب کر کے اور کارڈ کو فعال کر کے، آپ ان شرائط کی تعمیل سے اتفاق کریں گے۔ آپ کا کارڈ اکاؤنٹ کا استعمال ان شرائط سے آپ کے اتفاق کا مزید ثبوت ہو گا۔

**اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ آپ میعاد پوری ہونے سے پہلے متبادل کارڈ حاصل کرتے ہیں براہ کرم اپنے کارڈ کے عقبی جانب موجود نمبر پر رابطہ کریں یا اپنے پتے کو حالیہ رکھنے کے لیے GoProgram.com پورٹل پر لاگ آن کریں۔ کارڈ کی میعاد پوری ہونے کی تاریخ آپ کے کارڈ کے سامنے کے حصے پر تلاش کی جا سکتی ہے۔**

1. **آپ کو کی جانے والی ادائیگیاں۔** آپ کو کی جانے والی ادائیگیوں کو فنڈ کرنے کے لیے ہمارے ساتھ ایک کارڈ اکاؤنٹ قائم کیا گیا ہے۔ ہم صرف ریاست کی جانب سے متعین کردہ رقوم میں ہی آپ کے لیے فنڈز کو دستیاب بنائیں گے، اور آپ فنڈز کو ریاست کی جانب سے مجاز کرنے اور اپنے اکاؤنٹ پر پوسٹ کرنے پر اپنے کارڈ کے ساتھ ان فنڈز تک رسائی کے قابل ہوں گے۔ آپ کو اپنے کارڈ اکاؤنٹ پر پوسٹ کردہ فنڈز کی مقدار سے زیادہ خرچ کرنے یا نکلوانے کی اجازت نہیں ہوتی۔ آپ اپنے کارڈ کو مرچنٹ یا بینک مقامات پر دنیا بھر میں استعمال کر سکتے ہیں جہاں کہیں بھی ®Mastercard کارڈز قبول کیے جاتے ہوں۔ آپ اپنے کارڈ اکاؤنٹ پر ڈپازٹ کے پوسٹ ہونے پر، فون یا ای میل کے ذریعے آٹو میٹڈ اطلاع وصول کر سکتے ہیں۔

   وہ فنڈز جنہیں ریاست نے ہمیں آپ کے کارڈ پر لاگو کرنے کے لیے فراہم کیا ہے وہ درج ذیل صورتوں میں ریاست کو واپس کیے جا سکتے ہیں: (a) آپ کارڈ کے اجراء کی تاریخ سے لے کر 90دنوں کے اندر اپنا PIN منتخب کرنے کے ذریعے اپنا کارڈ فعال کرنے میں ناکام ہو جائیں؛ (b) ہمارے پاس آپ کا موجودہ پتہ نہ ہو اور آپ کو عام ڈاک کے ذریعے آپ کا کارڈ ڈیلیور کرنے سے قاصر ہوں؛ یا (c) فنڈز غلطی سے آپ کے کارڈ پر ڈپازٹ کر دیے جائیں۔

2. **ذاتی شناختی نمبر (PIN) نمبر۔** آٹو میٹڈ ٹیلر مشینز ("ATMs") اور کچھ پوائنٹ آف سیل ("POS") ٹرمینلز پر اپنا کارڈ استعمال کرنے کے لیے آپ پر اپنا PIN استعمال کرنا لازمی ہے۔ کچھ مرچنٹس پر آپ سے سیلز سلپ پر دستخط کرنے اور شناخت فراہم کرنے کا مطالبہ کیا جا سکتا ہے۔ کچھ مرچنٹس پر ہو سکتا ہے کہ آپ کا سیلز سلپ پر دستخط کرنا اور شناخت فراہم کرنا درکار نہ ہو۔

3. **کارڈ ٹرانزیکشنز۔** آپ ATMs اور مالیاتی اداروں پر کیش حاصل کرنے کے لیے، اور POS ٹرمینلز اور مرچنٹس پر خریداریاں کرنے کے لیے کارڈ استعمال کر سکتے ہیں، جو ®Mastercard نیٹ ورک میں شامل ہوتے ہیں۔ جب آپ مخصوص مرچنٹس، جیسا کہ ہوٹلوں پر ٹرانزیکشن کا آغاز کرنے کے لیے کارڈ کا استعمال کرتے ہیں، تو آپ کی حتمی ٹرانزیکشن کے برابر یا اس سے زیادہ رقم کے لیے آپ کے کارڈ کے دستیاب فنڈز پر التوا نافذ کیا جا سکتا ہے۔ التوا کا شکار فنڈز کسی دوسرے مقصد کے لیے آپ کو دستیاب نہیں ہوں گے۔ ٹرانزیکشن کا حتمی تصفیہ ہونے پر کسی زائد مقدار کو آپ کے استعمال کے لیے ریلیز کر دیا جائے گا۔

   POS خریداریوں کے لیے آپ کو کیش ریفنڈز نہیں کیے جائیں گے۔ اگر مرچنٹ آپ کو سامان کی واپسیوں یا ایڈجسٹمنٹس کے لیے کریڈٹ دیتا ہے، تو وہ ایسا کریڈٹ ایڈجسٹمنٹ پر عمل کاری کر کے کر سکتا ہے، جس کا اطلاق ہم آپ کے کارڈ پر کریڈٹ کے طور پر کریں گے۔

   ہم کارڈ ٹرانزیکشن کی اجازت سے انکار کر سکتے ہیں اگر: (a) یہ اس رقم سے زیادہ ہو جو ریاست نے ہمیں آپ کے استعمال کے لیے دستیاب بنانے کی ہدایت کی ہے؛ (b) کارڈ کے گم یا چوری ہونے کی اطلاع دی جائے؛ (c) ہمیں یقین ہو کہ کارڈ جعلی ہے؛ یا (d) ہم اس حوالے سے غیر یقینی کا شکار ہوں کہ آیا ٹرانزیکشن کی اجازت آپ کی جانب سے دی گئی ہے یا قانون کے مطابق اجازت یافتہ ہے۔ اگر ہم ایسی ٹرانزیکشنز کا مشاہدہ کرتے ہیں جو غیر عمومی ہوں یا مشتبہ نظر آتی ہوں تو ہم عارضی طور پر کارڈ کو "منجمد" کر سکتے ہیں اور آپ سے رابطہ کرنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔

   آپ کے کارڈ اکاؤنٹ کو مشتبہ جعل سازی پر مبنی سرگرمی یا غیر مجاز استعمال سے بچانے کے لیے، ہم آپ کی ڈالر کی رقم، نمبر، اور آپ کے کارڈ کو استعمال کر کے انجام دی جانے والی ٹرانزیکشنز کی اقسام پر عارضی طور پر پابندیاں عائد کر سکتے ہیں۔ کارڈ کی ان پابندیوں میں ATM سے کیش نکلوانے کی سرگرمیوں اور POS ٹرانزیکشنز کے نمبر اور ڈالر کی مقدار پر پابندیاں شامل ہو سکتی ہیں۔ کوئی ATM آپریٹر ATM سے رقم نکلوانے پر اضافی حدود اور/یا سرچارجز عائد کر سکتا ہے۔

   آپ ان ٹرانزیکشنز کو انجام دینے کے لیے کارڈ کا استعمال نہیں کر سکتے جو ریاست کی جانب سے اس پروگرام کے ذریعے آپ کو دستیاب بنائے گئے فنڈز کی اس مقدار سے متجاوز ہوں۔ ایسے بھی مواقع ہو سکتے ہیں جب غلطی سے آپ کے کارڈ اکاؤنٹ پر ڈپازٹس پوسٹ کر دیے جائیں، یا وہ فنڈز شامل کر دیے جائیں جن کا آپ سے کوئی تعلق نہیں۔ آپ کو ان فنڈز کو استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے کیونکہ ریاست نے ہمیں کارڈ کے ذریعے ان فنڈز کو دستیاب بنانے کا مجاز نہیں کیا۔ ایسی صورتوں میں، اس نقص کو تلاش کیے جانے پر درست کر دیا جائے گا اور فنڈز کو آپ کے کارڈ اکاؤنٹ میں ایڈجسٹ کر دیا جائے گا۔ اگر ایڈجسٹمنٹ کے نتیجے میں آپ کے کارڈ اکاؤنٹ کا بیلنس منفی ہو جاتا ہے، تو نقص اور ایڈجسٹمنٹ کی وجہ کی وضاحت کے لیے ایک نوٹس آپ کو ارسال کیا جائے گا۔ اگر نقص کی شناخت سے پہلے آپ فنڈز خرچ کر چکے ہیں، تو واپس ادا کی جانے والی رقم آپ کے کارڈ پر ہونے والی مستقبل کی ادائیگیوں سے خود کار طور پر کاٹی جا سکتی ہے جس کی وضاحت اس دستاویز کے سیکشن8میں کی گئی ہے۔

   آپ کے کارڈ کا کسی غیر قانونی مقصد کے لیے استعمال نہ کیا جانا لازمی ہے (مثال کے طور پر، انٹرنیٹ پر قمار بازی کی سہولت کاری کے لیے)۔ آپ کسی غیر قانونی ٹرانزیکشن کے لیے اپنے کارڈ یا فنڈز کو استعمال نہ کرنے سے متفق ہیں۔ ہم ایسے مرچنٹس کی طرف سے ٹرانزیکشنز یا مجاز کاریوں کو مسترد کرنے کا حق محفوظ رکھتے ہیں جو بظاہر انٹرنیٹ پر قمار بازی کے کاروبار سے وابستہ ہوں یا ٹرانزیکشن ریکارڈز کے ذریعے اس حوالے سے اپنی شناخت کر دیں یا بصورت دیگر ایسے کاروبار سے وابستہ ہوں۔ آپ کو ان مقامات پر کارڈ کے استعمال میں مشکل کا تجربہ کرنا پڑ سکتا ہے: غیر استعمال کردہ وینڈنگ مشینز اور کی اوسکس۔

   آپ کو اپنے بنیادی کارڈ کے تحت5تک ذیلی اکاؤنٹس کے لیے "ساتھی کارڈ" آرڈر کرنے کا اختیار حاصل ہے۔ یہ نگہداشت فراہم کنندگان، بچوں، اور دیگر زیرِ کفالت افراد کے استعمال کے لیے ہو سکتے ہیں۔ ان ساتھی کارڈز کی مراعات محدود ہوں گی اور انہیں صرف ان فنڈز تک رسائی حاصل ہو گی جو بنیادی کارڈ ہولڈر کی طرف سے متعین کردہ ہوں گے۔ آپ www.GoProgram.com پر، اپنے اکاؤنٹ میں لاگ ان کر کے پھر مینو میں سے "ساتھی کارڈ" منتخب کر کے اس فیچر کے لیے سائن اپ کر سکتے ہیں۔

   **صرف ان کارڈ ہولڈرز کے لیے قابل اطلاق جو ضرورت مند خاندانوں کے لیے عارضی اعانت (TANF) کے وظائف حاصل کرتے ہیں:**

   وفاقی قانون درج ذیل مقامات پر ضرورت مند خاندانوں کے لیے عارضی اعانت (TANF) کے وظائف کے استعمال کی ممانعت کرتا ہے:

   - شراب کا کوئی اسٹور یا ایسا ریٹیل ادارہ جو بنیادی طور پر شراب فروخت کرتا ہو؛
   - کوئی کیسینو، قمار بازی کا حامل کیسینو یا گیمنگ کا ادارہ؛ یا
   - ایسا کوئی ریٹیل ادارہ جو بالغان کے حوالے سے تفریح فراہم کرتا ہو جس میں پرفارمرز برہنہ ہوتے ہوں یا بے لباس حالت میں پرفارم کرتے ہوں۔

   ایسے مقامات پر اپنا کارڈ استعمال کرنا نیو یارک کے جرمانوں سے مشروط ہے۔ اس میں آٹو میٹڈ ٹیلر مشین (ATM) سے رقم نکلوانے کی سرگرمیاں اور پوائنٹ آف سیل (POS) ٹرانزیکشنز شامل ہیں۔

   <u>پیشگی اجازت یافتہ ادائیگیاں۔</u>آپ کسی مرچنٹ کو اپنے کارڈ کی معلومات دینے کے ذریعے مرچنٹس کو عام، پیشگی اجازت یافتہ ادائیگیاں کرنے کے لیے اپنے کارڈ کا استعمال کر سکتے ہیں۔ اگر ان ادائیگیوں کی رقم مختلف ہو، تو جس مرچنٹ کو آپ ادائیگی کرنے والے ہیں وہ آپ کو ہر ادائیگی سے،10دن پہلے بتائے گا کہ یہ کب کی جائے گی اور یہ کتنی ہو گی۔ اس کے برعکس آپ اس نوٹس کو صرف اس وقت حاصل کرنے کا انتخاب کر سکتے ہیں جب ادائیگی گزشتہ ادائیگی کی مخصوص رقم سے زیادہ مختلف ہو، یا جب رقم ان مخصوص حدود سے باہر ہو جو آپ طے کرتے ہیں۔

   آپ کو اس صورت میں اپنے کارڈ سے پیشگی ادائیگی کو روکنے کا حق حاصل ہے اگر آپ اپنے کارڈ کی عقبی جانب موجود نمبر پر ہمیں کال کرتے ہیں یا نمبر کو www.GoProgram.com ملاحظہ کر کے اور صفحے کے آخر میں موجود لنک "ہم سے رابطہ کریں" منتخب کر کے تلاش کرتے ہیں یا ہمیں اس پتے پر خط لکھتے ہیں Customer Account Services, P.O. Box 245997, San Antonio, Texas 78224-5997۔ ہمیں ادائیگی کیے جانے کے شیڈول سے کم از کم تین (3) کاروباری ایام پہلے آپ کی درخواست کا موصول ہونا لازمی ہے۔ آپ پر وصول کنندہ کو مطلع کرنا بھی لازم ہے۔ (نوٹ کریں: اگر ہم شیڈول کردہ ادائیگی سے کم از کم تین (3) کاروباری ایام پہلے آپ کی درخواست وصول نہیں کرتے، تو ہم اپنی ذاتی صوابدید پر، ادائیگی کو روکنے کی کوشش کر سکتے ہیں۔ تاہم، ہم ایسا کرنے میں اپنی ناکامی یا ایسا کرنے سے انکار کی کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتے،

   خواہ ہم آپ کی ادائیگی روکنے کی درخواست ہی کیوں نہ منظور کر لیں)۔ اگر آپ کال کرتے ہیں، تو ہم آپ سے اپنی درخواست ہمیں تحریری طور پر کرنے اور وصول کنندہ کو بھیجے گئے آپ کے نوٹس کی ایک نقل ہمیں فراہم کرنے کا تقاضہ کر سکتے ہیں، جو کہ آپ کے کارڈ پر ڈیبٹس کا آغاز کرنے کے لیے وصول کنندہ کے اختیار کو، آپ کی کال کے 14 دن بعد منسوخ کرے گا۔ اگر ہم تحریری تصدیق 14 دنوں کے اندر وصول نہیں کرتے، تو ہم آپ کے کارڈ پر متاخر ڈیبٹس عائد کر سکتے ہیں۔ انفرادی ادائیگیوں کے لیے، براہ کرم اس ٹرانسفر کی قطعی رقم (ڈالرز اور سینٹس) جسے آپ روکنا چاہتے ہیں، ٹرانسفر کی تاریخ، اوروصول کنندہ کی شناخت کو واضح کریں۔ جب تک کہ آپ ہمیں کسی مخصوص وصول کنندہ کو مستقبل کے تمام ٹرانسفرز کو روکنے کا نہیں کہتے، تب تک ہم آپ کے ادائیگی کو روکنے کے آرڈر کے ساتھ صرف ایک (1) ٹرانسفر سے متعلقہ درخواست کے طور پر کارروائی کر سکتے ہیں۔ اگر آپ ہمیں فنڈز ٹرانسفر شیڈول ہونے سے کم از کم تین (3) کاروباری ایام پہلے ان ادائیگیوں میں سے کسی ایک کو روکنے کا کہتے ہیں اور ہم ایسا نہیں کرتے، تو ہم آپ کے خساروں یا نقصانات کے لیے ذمہ دار ہوں گے۔

4. **کارڈ اور PIN سکیورٹی۔** آپ اپنے کارڈ یا PIN کو کسی کو نہ دینے یا بصورت دیگر نہ دستیاب بنانے سے متفق ہیں۔ سکیورٹی وجوہات کے سبب، آپ اپنے کارڈ پر اپنا PIN نہ لکھنے یا اسے اپنے کارڈ کے ساتھ نہ رکھنے سے متفق ہیں۔

   یاد رکھیں، ہم ٹیلی فون یا اپنی ویب سائٹ پر آپ سے اپنا PIN فراہم کرنے یا اس کی تصدیق کرنے کا کبھی نہیں کہیں گے۔ اگر آپ کوئی ای میل موصول کرتے ہیں جو بظاہر ہماری طرف سے آئی ہوئی نظر آتی ہے یا ایسی ویب سائٹ دیکھتے ہیں جس پر ہمارا نام موجود ہے، تو اپنے PIN کے لیے کسی درخواست کا جواب نہ دیں۔ اگر آپ کو جعل سازی کا شبہ ہوتا ہے، تو براہ کرم اپنے کارڈ کی عقبی جانب موجود نمبر پر ہم سے جلد از جلد رابطہ کریں یا www.GoProgram.com ملاحظہ کرنے اور صفحے کے زیریں حصے میں موجود لنک "ہم سے رابطہ کریں" منتخب کر کے نمبر تلاش کریں۔ آپ کا کارڈ ہماری پراپرٹی ہے اور درخواست کیے جانے پر اسے ہمیں واپس کرنا لازمی ہے۔

5. **غیر ملکی کرنسی کی ٹرانزیکشنز۔** آپ کو ملنے والی سروسز میں کسی خلل سے بچنے کے لیے براہ کرم امریکہ سے باہر اپنے کارڈ کے استعمال کے ارادے سے متعلق ہمیں پیشگی مطلع کریں۔ بس اپنے کارڈ کی عقبی جانب موجود نمبر پر کال کریں یا www.GoProgram.com ملاحظہ کر کے اور صفحے کے زیریں حصے میں موجود لنک "ہم سے رابطہ کریں" منتخب کر کے اسے تلاش کریں تاکہ ہم وہ فیچر فعال کر سکیں جو بین الاقوامی خریداریوں کو کامیابی سے مکمل ہونے کی اجازت دے گا۔ اگر آپ امریکی ڈالرز کے علاوہ کسی دوسری کرنسی میں کیش حاصل کرتے یا خریداری کرتے ہیں، تو ®Mastercard International آپ کے دستیاب فنڈز سے کٹوتی کردہ رقم کو امریکی ڈالرز میں تبدیل کر دے گا۔ کرنسی کی تبادلے کے طریقہ کار کے تحت جسے ®Mastercard International استعمال کرتا ہے، غیر امریکی ڈالر ٹرانزیکشن کی رقم کو امریکی ڈالر میں غیر امریکی ڈالر کرنسی میں موجود رقم کو کرنسی کے تبادلے کیے ریٹ سے ضرب دے کر تبدیل کیا جاتا ہے۔ کرنسی کی تبادلے کا ریٹ جسے ®Mastercard International عموماً استعمال کرتا ہے وہ یا تو حکومتی مقرر کردہ ریٹ، یا ®Mastercard International کو فراہم کردہ ہول سیل ریٹ ہوتا ہے۔ یہ ریٹ ٹرانزیکشن کے واقع ہونے پر یا ہمارے آپ کو دستیاب فنڈز کو پوسٹ کرنے پر موثر ریٹ سے مختلف ہو سکتا ہے۔

6. **آپ کے دستیاب فنڈز اور ٹرانزیکشنز کا ریکارڈ۔** آپ کسی ATM یا POS ٹرمینل پر ٹرانزیکشن انجام دینے کے وقت رسید حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے دستیاب فنڈز اور آپ کی آخری10ٹرانزیکشنز کے متعلق معلومات کارڈ کی عقبی جانب درج نمبر پر کسٹمر سروس سنٹر کو ٹول فری کال کر کے یا www.GoProgram.com ملاحظہ کر کے حاصل کر سکتے ہیں۔ ویب سائٹ سے، آپ12ماہ تک کی ٹرانشزیکشن ہسٹری کو اپنے کارڈ اکاؤنٹ پر پوسٹ کردہ ٹرانزیکشنز کی ٹریکنگ کے لیے منتخب اور پرنٹ کر سکتے ہیں۔ آپ کے مخصوص ATMs سے رقم نکلوانے یا بیلنس جاننے پر آپ کو حاصل ہونے والی رسید پر آپ کے دستیاب فنڈز کی رقم بھی درج ہوتی ہے۔

   آپ کو کم از کم24ماہ کی تحریری ہسٹری حاصل کرنے کا حق بھی حاصل ہے جس کے لیے آپ ہمیں اپنے کارڈ کی عقبی جانب موجود نمبر پر کال کر سکتے ہیں یا ہمیں اس پتے پر خط لکھ سکتے ہیں Account Services, P.O. Box 245997, San Antonio, Texas 78224-5997۔آپ سے ان معلومات کے لیے کوئی فیس چارج نہیں کی جائے گی، تاوقتیکہ آپ مہینے میں ایک بار سے زائد اس کی درخواست کریں۔

7. **غائب/گم شدہ یا چوری شدہ کارڈ/PIN۔** اگر آپ کو یقین ہے کہ آپ کا کارڈ یا PIN گم یا چوری ہو گیا ہے یا کسی نے آپ کی اجازت کے بغیر آپ کے دستیاب فنڈز میں سے پیسے ٹرانسفر کیے ہیں یا کر سکتا ہے، تو اپنے کارڈ کی عقبی جانب درج نمبر پر ہمیں کال کریں یا www.GoProgram.com ملاحظہ کر کے اور صفحے کے آخر میں موجود لنک "ہم سے رابطہ کریں" منتخب کر کے نمبر تلاش کریں، یا ہمیں اس پتے پر خط لکھیں Customer Account Services، P.O. Box 245997, San Antonio, Texas 78224-5997 اور تفصیلات شامل کریں۔

   اگر آپ اپنا کارڈ کسی جگہ رکھ کر بھول گئے ہیں تو آپ کے پاس کارڈ تلاش کر لینے تک کسی بھی ٹرانزیکشنز کو بلاک کرنے کے لیے اپنے کارڈ کو عارضی طور پر "معطل" کرنے کا اختیار موجود ہے۔ آپ بس GoProgram.com پر لاگ آن کر کے "سروسز" پر کلک کریں اور ڈراپ ڈاؤن میں سے "کارڈ معطل کریں" منتخب کریں۔ تاہم، کسی متواتر ٹرانزیکشنز کے سیٹ اپ پھر بھی سامنے آئیں گے۔ آپ کارڈ تلاش کر لینے پر بس ویب سائٹ پر اسی مقام پر واپس جائیں اور "کارڈ غیر معطل کریں" پر کلک کریں۔

8. **آپ کے کارڈ اکاؤنٹ بیلنس کے حوالے سے ایڈجسٹمنٹس۔** ایسے مواقع ہوتے ہیں جب آپ کے کارڈ اکاؤنٹ پر ایڈجسٹمنٹس کی جائیں گی تاکہ مرچنٹ ایڈجسٹمنٹ کی عکاسی کر سکیں، آپ کے کارڈ اکاؤنٹ پر پوسٹ کردہ ٹرانزیکشن کے حوالے سے کارڈ ہولڈر تنازعے کو حل کر سکیں، یا غلطی سے پوسٹ کردہ اندراجات یا ڈپازٹس کو ایڈجسٹ کر سکیں۔ یہ عمل پذیر اندراجات آپ کے کارڈ اکاؤنٹ کے منفی بیلنس کی وجہ بن سکتے ہیں۔ اگر ایسا ہے، تو آپ ہمیں ایسی کسی ٹرانزیکشن (ٹرانزیکشنز) کی رقم دوبارہ ادا کرنے سے متفق ہیں جو یا تو آپ کے کارڈ اکاؤنٹ پر پوسٹ کردہ مستقبل کے ڈپازٹس سے یا ذاتی چیک یا منی آرڈر کے ذریعے مجاز رقم سے متجاوز ہوتی ہے یا آپ کے کارڈ اکاؤنٹ کے منفی ہو جانے کی وجہ بنتی ہے۔ دوبارہ ادا کی جانے والی رقم آپ کے کارڈ اکاؤنٹ پر مستقبل میں کی جانے والی ادائیگیوں سے خود کار طور پر کاٹی جائے گی۔ اگر آپ کے کارڈ اکاؤنٹ پر مستقبل میں کوئی ڈپازٹس نہیں کیے جاتے، تو آپ پر درج ذیل کو ادائیگی کر کے منفی بیلنس کو ختم کرنا لازم ہے: Go پروگرام کی ادائیگی پر عمل کاری کی سروس، اور چیک یا منی آرڈر بذریعہ ڈاک بھیجیں بنام: Customer Account Services, P.O. Box 245997, San Antonio, Texas 78224-5997۔ یاد رہے، آپ کو پوسٹ کردہ رقم پر اعتراض کرنے کا حق ہمیشہ حاصل ہوتا ہے۔

9. **نقائص یا آپ کی ٹرانزیکشنز کے متعلق سوالات کی صورت میں۔** اگر آپ کو لگتا ہے کہ آپ کے دستیاب فنڈز کے ساتھ نقص پیش آیا ہے، تو اپنے کارڈ کی عقبی جانب درج نمبر پر ہمیں کال کریں، جسے www.GoProgram.com ملاحظہ کرنے اور صفحے کے آخر میں موجود لنک "ہم سے رابطہ کریں" منتخب کر کے بھی تلاش کیا جا سکتا ہے یا ہمیں اس پتے پر خط لکھیں Customer Account Services, P.O. Box 245997 San Antonio, Texas 78224-5997 جتنا جلدی آپ کر سکتے ہیں۔ آپ کے اپنے اکاؤنٹ تک برقی رسائی کی تاریخ کے بعد ہم پر آپ کو60دنوں تک نقص کی رپورٹ کرنے کی اطلاع کرنا لازمی ہے، بصورت نقص کو آپ کی برقی ہسٹری میں، یا اس تاریخ پر دیکھا جا سکتا ہو جس پر ہم نے وہ پہلی تحریری ہسٹری بھیجی تھی جس پر نقص سامنے آیا تھا۔ آپ کو ہمیں یہ بتانے کی ضرورت ہو گی:

   (1) اپنا نام، پتہ، ٹیلی فون نمبر اور کارڈ نمبر۔

   (2) آپ کو کیوں یقین ہے کہ کوئی نقص موجود ہے، اور ڈالر کی شامل مقدار۔

   (3) تقریباً کس وقت نقص وقوع پذیر ہوا تھا۔

   اگر نقص کو فون پر ٹھیک نہیں کیا جا سکتا، تو آپ پر لازم ہو گا کہ ہمیں تحریری نوٹس10 کاروباری ایام کے اندر اس پتے پر ارسال کریں Customer Account Services, P.O. Box 245997, San Antonio, Texas 78224-5997۔

   ہم آپ کی جانب سے خط موصول ہونے پر تعین کریں گے کہ آیا نقص 10 کاروباری ایام کے اندر پیش آیا تھا اور کسی بھی نقص کو فوری طور پر درست کریں گے۔ تاہم، اگر آپ کو مزید وقت کی ضرورت ہوئی، تو ہمیں 45 دن آپ کی شکایت یا سوال کی تفتیش میں لگ سکتے ہیں۔ اگر ہم ایسا کرنے کا فیصلہ کرتے ہیں، تو ہم آپ کے کارڈ کو 10 کاروباری ایام (جن میں 20 کاروباری ایام ایسے نئے کارڈ اکاؤنٹ کے لیے ہوتے ہیں جو 30 دنوں سے کم میں کھولے گئے ہوں) میں اس رقم کے لیے کریڈٹ کریں گے جس کے نقص پذیر ہونے کا آپ کو شبہ ہو گا، تاکہ آپ وقت کے اس دورانیے میں پیسے کا استعمال کر سکیں جو ہمیں اپنی تفتیش مکمل کرنے میں لگے گا۔ اگر ہم آپ سے اپنی شکایت یا سوال تحریری طور پر جمع کروانے کا مطالبہ کرتے ہیں اور ہم اسے 10 کاروباری ایام میں موصول نہیں کرتے، تو ہم آپ کے دعوے کی تحقیق کرتے ہوئے ہو سکتا ہے آپ کو آپ کے کارڈ پر کریڈٹ نہ دے سکیں۔ نئے اکاؤنٹس، پوائنٹ آف سیل یا بیرونی آغاز کردہ ٹرانزیکشنز سے متعلقہ نقائص کے لیے ہمیں 90 دن آپ کی شکایت یا سوال کی تفتیش میں لگ سکتے ہیں۔

   ہم اپنی تحقیق مکمل کرنے کے بعد تین (3) کاروباری ایام میں آپ کو نتائج سے آگاہ کریں گے۔ اگر ہم فیصلہ کرتے ہیں کہ کوئی نقص موجود نہیں تھا، تو ہم آپ کو تحریری وضاحت ارسال کریں گے۔ آپ ان دستاویزات کی نقول کے متعلق دریافت کر سکتے ہیں جو ہم نے اپنی تفتیش میں استعمال کی تھیں۔ اگر آپ کو ہمارے نقص کے حل کی کارروائی کے متعلق مزید معلومات درکار ہوں، تو ہمیں اپنے کارڈ کی عقبی جانب موجود ٹول فری کسٹمر سروس نمبر پر کال کریں۔

10. **آپ کی ذمہ داری۔** اگر آپ کو یقین ہو کہ آپ کا کارڈ یا PIN گم ہو گیا یا چوری ہو گیا ہے یا آپ کا PIN خطرے کی زد پر ہے یا آپ کو یقین ہے کہ آپ کے کارڈ اکاؤنٹ سے آپ کی معلومات کا استعمال کر کے آپ کی اجازت کے بغیرکوئی ٹرانزیکشن کی گئی ہے تو ہمیں فی الفور آگاہ کریں۔ اپنے ممکنہ خساروں کو کم سے کم بنانے کا بہترین طریقہ اپنے کارڈ کی عقبی جانب درج نمبر پر ٹیلی فون کر کے ہم سے رابطہ کرنا ہے۔ یا آپ ہمیں اس پتے پر خط لکھ سکتے ہیں Customer Account Services, P.O. Box 245997, San Antonio, Texas 78224-5997 جتنا جلدی آپ کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے کارڈ اکاؤنٹ میں موجود تمام رقم سے محروم ہو سکتے ہیں۔

    اگر آپ اپنے کارڈ یا PIN کے گم ہونے یا چوری ہو جانے کے بعد دو (2) کاروباری ایام میں ہمیں آگاہ کرتے ہیں تو آپ زیادہ سے زیادہ 50$ ڈالر سے محروم ہو سکتے ہیں اگر کسی نے آپ کا کارڈ یا PIN آپ کی اجازت کے بغیر استعمال کیا ہو۔ اگر آپ اپنے کارڈ یا PIN کے گم ہونے یا چوری ہو جانے کے بعددو (2) کاروباری ایام میں ہمیں آگاہ نہیں کرتے، اور ہم ثابت کر سکتے ہیں کہ اگر آپ نے بتایا ہوتا تو ہم کسی کو آپ کی اجازت کے بغیر آپ کا کارڈ یا PIN استعمال کرنے سے روک سکتے تھے، تو جو رقم آپ زیادہ سے زیادہ کھو سکتے ہیں وہ500$ ہے۔

    آپ ذیل میں طے کردہ کے سوا اپنے کارڈ کے تمام مجاز استعمالات کے ذمہ دار ہیں؛ آپ اپنے کارڈ کے کسی غیر مجاز استعمال کے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔ "غیر مجاز" استعمال اس طرح رقم نکلوانا یا ٹرانزیکشن کرنا ہے جو آپ نے یا آپ کے مجاز کردہ کسی فرد نے ٹرانزیکٹ نہ کی ہو۔ ہم اس ٹرانزیکشن کے زرتلافی کے لیے آپ کو انکار کر سکتے ہیں جس کے غیر مجاز ہونے کا دعویٰ آپ کرتے ہیں اگر: (1) آپ کسی ایسے دوسرے فرد کو اپنا کارڈ، کارڈ نمبر، اور/یا PIN دیتے ہیں جس کو آپ نے واضح یا مخفی طور پر اپنے کارڈ کے استعمال کا مجاز کیا ہے، خواہ وہ فرد آپ کی اجازتسے زیادہ رقم نکلوائے، یا (2) ہم نتیجہ نکالیں کہ حقائق غیر مجاز استعمال کے دعوے کی موزوں معاونت نہیں کرتے۔

    علاوہ ازیں، اگر تحریری ٹرانزیکشن ہسٹری یا دیگر کارڈ ٹرانزیکشن کی معلومات جو آپ ہم سے حاصل کرتے ہیں وہ ایسے فنڈ ٹرانسفرز کو ظاہر کرتی ہیں جو آپ نے نہیں کیے، بشمول کارڈ، PIN یا بصورت دیگر کے ذریعے کیے جانے والے، تو ہمیں فی الفور آگاہ کریں۔ اگر ہماری جانب سے ٹیلی فون، برقی ٹرانزیکشن ہسٹری یا تحریری ٹرانزیکشن ہسٹری کے ذریعے آپ کو منتقل کیے جانے یا بصورت دیگر معلومات دستیاب بنائے جانے کے بعد 60 دن کے اندر آپ ہمیں آگاہ نہیں کرتے، تو آپ اپنی کھوئی گئی رقم کو 60 دنوں کے اندر واپس حاصل نہیں کر سکتے بصورت ہم یہ ثابت کر سکتے ہوں کہ اگر آپ نے ہمیں بروقت بتایا ہوتا تو ہم کسی کو رقم حاصل کرنے سے روک سکتے تھے۔ اگر کوئی معقول وجہ (جیسا کہ طویل ٹرپ یا اسپتال میں داخلے) آپ کو ہمیں آگاہ کرنے میں مانع ہوئی، تو ہم وقت کی مدتوں میں توسیع کریں گے۔

    اگر ہمیں آپ کے کارڈ کے گم ہونے، چوری ہونے یا تلف ہونے کی اطلاع کی گئی تو ہم آپ کا کارڈ منسوخ کر دیں گے۔ آپ کے کارڈ کی تنسیخ ہو جانے کے بعد، آپ کی منسوخ شدہ کارڈ کے استعمال سے ہونے والی کسی مزید ٹرانزیکشنز کے حوالے سے کوئی ذمہ داری نہیں ہو گی۔

    پتے کی تبدیلی:آپ اپنے ڈاک پتے، ٹیلی فون نمبر یا ای میل ایڈریس میں کسی تبدیلی سے نیو یارک کو فی الفور آگاہ کرنے کے ذمہ دار ہیں۔

11. **ہماری ذمہ داری۔** اگر ہم ان شرائط کے مطابق آپ کے کارڈ سے یا آپ کے کارڈ پر بروقت یا درست مقدار میں برقی فنڈ ٹرانسفر مکمل نہیں کرتے، تو ہم آپ کے خساروں یا نقصانات کے لیے ذمہ دار ہو سکتے ہیں۔ تاہم، کچھ استثنات ہیں۔ ہم، مثال کے طور پر، ذمہ دار نہیں ہوں گے اگر:
    - ہماری کسی خطا کے بغیر، آپ کے کارڈ پر ٹرانزیکشن انجام دینے کے لیے موزوں دستیاب فنڈز نہ ہوئے؛
    - ہمیں یقین ہو کہ ہو سکتا ہے ٹرانزیکشن آپ کی جانب سے مجاز نہ ہو؛
    - ہمارے اختیار سے باہر حالات (جیسا کہ آگ لگنا، سیلاب، پانی سے نقصان، بجلی کی خرابی، ہڑتال، مزدوروں کا تنازعہ، کمپیوٹر کی خرابی، ٹیلی فون لائن میں خلل، یا قدرتی آفت) جو ہماری جانب سے موزوں حفاظتی اقدامات کے باوجود، فنڈ ٹرانسفر کو روکے یا تاخیر کی وجہ بنے؛
    - سسٹم، ATM یا POS ٹرمینل درست انداز میں کام نہیں کر رہا تھا اور آپ نے جب ٹرانزیکشن شروع کی تھی تو آپ کو مسئلے کا علم تھا؛
    - ریاست نے ہمیں آپ کے کارڈ کے ذریعے ضروری فنڈز کو دستیاب بنانے کا مجاز نہیں کیا؛
    - آپ کے کارڈ کے ذریعے دستیاب فنڈز قانونی طریقہ کار سے مشروط ہیں یا بصورت دیگر نکلوانے کے لیے دستیاب نہیں ہیں؛ یا
    - ٹرانزیکشن مکمل نہیں ہو سکتی کیونکہ آپ کا کارڈ ٹوٹا ہوا ہے۔

12. **غیر دعویٰ کردہ پراپرٹی۔** مخصوص حالات کے تحت، ہم سے ریاستی قانون کے تحت تقاضا کیا جاتا ہے کہ ان اکاؤنٹس میں بیلنس سے دستبردار ہو جائیں جہاں وقت کی کسی مخصوص مقدار کے دوران کوئی سرگرمی نہیں ہوتی، جیسا کہ ڈپازٹس، رقم نکلوانے کی سرگرمیاں، بیلنس کا استفسار یا کوئی دوسرا کسٹمر کی جانب سے آغاز کردہ رابطہ۔ دستبرداری، جسے ضبطی بحق سرکار بھی کہا جاتا ہے، کے لیے وقت کا دورانیہ ہر ریاست کے حساب سے مختلف ہوتا ہے۔ آپ متفق ہیں کہ ہم ان قوانین کی اچھی نیت سے تعمیل کے سبب آپ کو ہونے والے کسی خسارے کے لیے ذمہ دار نہیں ہیں۔

13. **مقدمہ بازی کے لیے وقت کی حد۔** اپنے کارڈ یا کارڈ سروس سے متعلقہ ان قوانین کے ذریعے یا ان شرائط کے تحت سامنے آنے والی کسی ذمہ داری، فرض یا حق کو نافذ کرنے کے لیے آپ کی جانب سے کسی کارروائی یا عمل کا آغاز12ماہکے اندر کارروائی کی وجہ کے میسر ہونے کے بعد کرنا لازمی ہے، تاوقتیکہ اس حد کی اجازت قابل اطلاق قانون کے ذریعے نہ ہو۔

14. **جیوری ٹرائل کے حق سے دستبرداری۔** اگر آپ کو اپنے کارڈ یا کارڈ سروس کے حوالے سے کوئی مسئلہ درپیش ہے، تو براہ کرم اپنے کارڈ کی عقبی جانب درج نمبر پر کسٹمر سروس کو کال کر کے اسے فوری طور پر ہماری توجہ میں لائیں۔ زیادہ تر صورتوں میں، ایک ٹیلی فون کال دوستانہ، غیر رسمی انداز میں فوری طور پر مسئلے کو حل کر دے گی۔ اگر تنازعہ غیر رسمی طور پر حل نہیں ہو سکتا، تو آپ یا ہم کسی کارروائی کی درخواست درج کروا سکتے ہیں۔ آپ اور ہم اس کارڈ یا سروس، یا اس کی وجہ سے سامنے آنے والے آپ کے اور ہمارے درمیان کسی تنازعے، دعوے، مطالبے، کارروائی کی وجہ، اور اختلاف کو حل کرنے کے لیے جیوری کے ذریعے ٹرائل کے حق سے دستبردار ہوتے ہیں۔ اس میں، بلا تحدید دوسروں کی طرف سے کلاس نمائندے کے طور پر سامنے لائے گئے دعوے، اور آپ کی طرف سے کلاس ممبر کے طور پر کسی کلاس نمائندے کی جانب سے سامنے لائے گئے دعوے (نام نہاد "کلاس ایکشن" مقدمات) شامل ہیں۔

15. **رازداری۔** ہم آپ کی شناخت کی توثیق کے لیے ریاست سے آپ کے متعلق غیر عوامی ذاتی معلومات (مثلاً، آپ کا نام، پتہ، ٹیلی فون نمبر، سوشل سکیورٹی نمبر، اور تاریخ پیدائش) حاصل کر سکتے ہیں۔ ہم موجودہ یا سابقہ کارڈ ہولڈرز کے متعلق اس کارڈ پروگرام کے حوالے سے حاصل کردہ ذاتی غیر عوامی مالی معلومات کسی کو ریلیز نہیں کرتے، ماسوائے اور جیسا کہ وفاقی اور ریاستی قانون کی جانب سے اجازت ہو: آپ کی درخواست پر ٹرانزیکشن پر عمل کاری کے لیے؛ کارڈ کی ادائیگیوں کو فنڈ کرنے والے اکاؤنٹ سے تعلق میں ریاست یا اس کے ایجنٹس کو؛ جہاں یہ کسی ٹرانزیکشن کو موثر کرنے، نگرانی کرنے، یا لاگو کرنے کے لیے ضروری یا مفید ہو؛ کسی قانون، ضابطے، قانونی عمل یا عدالتی حکم کی تعمیل کے لیے؛ اگر ہمیں یقین ہو کہ جرم کا ارتکاب ہوا ہے جس میں کارڈ شامل ہے تو مقامی، ریاستی اور وفاقی حکام کو دینے کے لیے، یا جیسے بصورت دیگر قانون کے مطابق اجازت ہو۔ ہم آپ کے بارے میں غیر عوامی ذاتی معلومات کو صرف ان ملازمین تک محدود کر دیتے ہیں جنہیں آپ کو پراڈکٹس اور سروسز فراہم کرنے کے لیے ان معلومات کو جاننے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہم جسمانی، برقی اور طریقہ کار کے حفاظتی اقدامات برقرار رکھتے ہیں جو آپ کی غیر عوامی ذاتی معلومات کی حفاظت کے لیے وفاقی ضوابط کی تعمیل کرتے ہیں۔

16. **کارڈ ہولڈر کی شناخت۔** دہشت گردی کی فنڈنگ اور منی لانڈرنگ کی سرگرمیوں کے خلاف جنگ میں حکومت کی مدد کے لیے، وفاقی قانون کارڈ کے حامل ہر فرد کی شناختی معلومات حاصل کرنے کا تقاضا کرتا ہے۔

17. **کاروباری ایام۔** امریکی وفاقی تعطیلات کے علاوہ کاروباری ایام پیر سے جمعے تک ہوتے ہیں۔

18. **تفویض کاری۔** آپ ان شرائط کے حوالے سے خود کو تفویض کردہ حقوق یا فرائض، آپ کو اپنے کارڈ کے ذریعے دستیاب فنڈز، یا بذات خود کارڈ کو دوسروں کو تفویض نہیں کر سکتے۔ ہم آپ کو پیشگی نوٹس یا آپ کی رضامندی کے بغیر ان شرائط کے تحت اپنے حقوق اور فرائض دوسروں کو تفویض کر سکتے ہیں۔

19. **علیحدگی پذیری/بازنامہ۔** اگر ان شرائط کی کوئی بھی شق غیر قانونی، باطل، یا ناقابل نفاذ معلوم ہو، تو اسے ان شرائط سے علیحدہ سمجھا جائے گا اور یہ بقیہ شقوں کی معتبریت اور نفاذ پذیری متاثر نہیں کرے گی۔ ہم اپنے حقوق سے محروم ہوئے بغیر ان شرائط کے تحت ان کے اطلاق میں تاخیر کر سکتے ہیں۔ ہماری طرف سے کسی بھی دستبرداری کو دیگر حقوق یا کسی اور وقت میں اسی حق سے دستبرداری نہیں سمجھا جائے گا۔

20. **نظم کا قانون۔** ان شرائط کا نظم اور ان کا قیام قابل اطلاق وفاقی قانون اور ریاست مشی گن کے قوانین کے مطابق ہو گا، اور ایسا اس کے قانون کے تصادم کے اصولوں کے حوالے کے بغیر ہو گا۔

21. **قانونی عمل۔** ہم کسی عدالتی بلاوے، لیوی یا دیگر قانونی عمل کی تعمیل ریاستی و وفاقی قانون کی اجازت کے مطابق کر سکتے ہیں۔ اگر ہمیں عمل سے مستفید ہونے والے فریق کی جانب سے ہماری ریکارڈ کی تحقیق، فوٹو کاپی کرنے اور اخراجات کا نظم کرنے کے لیے مکمل معاوضہ ادا نہ کیا گیا، تو ہم ایسے اخراجات آپ کے کارڈ اکاؤنٹ سے چارج کر سکتے ہیں، جو ہماری قانونی عمل کی اس فیس کے علاوہ ہوں گے 50$ ۔ ہم ایسے قانونی عمل کی پیروی کریں گے جو ہمارے کسی بھی دفتر پر ذاتی طور پر، بذریعہ ڈاک، یا بذریعہ نقل فراہم کیا گیا ہو (بشمول وہ مقامات جو ان جگہوں کے علاوہ ہوں جہاں مطلوبہ فنڈز، ریکارڈز یا پراپرٹی موجود ہو)، خواہ قانون کسی مختلف مقام پر ذاتی ڈیلیوری کا تقاضا ہی کیوں نہ کرتا ہو۔

22. **شرائط میں تبدیلی۔** ہم قانونی تقاضے کے مطابق آپ کو تبدیلی کا پیشگی نوٹس فراہم کرنے کے ذریعے کسی بھی وقت ان شرائط کو تبدیل (ان میں اضافہ، حذف یا ترمیم) کر سکتے ہیں۔

23. **تنسیخ۔** ہم آپ کو پیشگی نوٹس فراہم کرنے کے ذریعے کسی بھی وقت کسی وجہ کے ہوتے ہوئے یا کسی وجہ کے بغیر آپ کے کارڈ کے استعمال کو معطل یا منسوخ کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کے ہمارے کارڈ کے استعمال اور اس سروس کو فوری طور پر منسوخ کر سکتے ہیں اگر: آپ ان شرائط یا ہمارے ساتھ کسی دوسرے اقرار نامے کی خلاف ورزی کرتے ہیں؛ ہمیں ایسا کرنے کی اطلاع ریاست یا اس کے ایجنٹ کی جانب سے دی جاتی ہے؛ ہمیں یقین ہو کہ آپ کے دستیاب کارڈ اکاؤنٹ فنڈز، کارڈ یا PIN کا غیر مجاز استعمال ہوا ہے یا ہو سکتا ہے؛ یا آپ کے دستیاب کارڈ اکاؤنٹ فنڈز پر متصادم دعوے موجود ہوں۔ آپ اپنے کارڈ کے عقب پر موجود نمبر، جسے www.GoProgram.com پر بھی تلاش کیا جا سکتا ہے، پر کسٹمر سروس سے رابطہ کر کے کسی بھی وقت کسی وجہ کے بغیر اپنے اس کارڈ کے استعمال اور ان شرائط کو منسوخ کر سکتے ہیں۔

24. **پروگرام کا اختتام۔** ریاست کے ساتھ اس پری پیڈ کارڈ پروگرام کے خاتمے کی صورت میں ہم ان اقدامات سے آپ کو مطلع کریں گے جو آپ پر اٹھانا لازم ہیں۔ پروگرام کے ختم ہونے کے بعد آپ کے کارڈ پر فنڈز بقایا ہونے کی صورت میں آپ کا کارڈ اکاؤنٹ، اکاؤنٹ بند کرنے کی فیس سے مشروط ہو سکتا ہے۔

25. **FDIC انشورنس یافتہ۔** کارڈز سے منسلک فنڈز انشورنس یافتہ ہیں اور ان کی قانون کی جانب سے فراہم کردہ حد تک وفاقی ڈپازٹ انشورنس کارپوریشن کی جانب سے ضمانت دی گئی ہے۔

26. **فیس شیڈول۔** درج ذیل فہرست ان فیسز کی ہے جو آپ کے کارڈ پر قابل اطلاق ہیں۔ فیسز کو آپ کے کارڈ اکاؤنٹ بیلنس سے نکلوایا جائے گا، ماسوائے جہاں قانون کے تحت ممانعت ہو۔

## New York State Child Support - Way2Go Card کارڈ پری پیڈ Mastercard کے لیے تمام فیسز کی فہرست

| تمام فیسز | رقم | تفصیلات |
|---|---|---|
| آغاز کریں | | |
| کارڈ کی خریداری | $0.00 | کارڈ اکاؤنٹ حاصل کرنے کے لیے کوئی فیس نہیں ہے۔ |
| ماہانہ استعمال | | |
| ماہانہ استعمال کی فیس | $0.00 | اس کارڈ سے وابستہ کوئی ماہانہ فیس نہیں ہے۔ |
| پیسے خرچ کریں | | |
| پوائنٹ آف سیل (POS) کیش بیک | $0.00 | POS ٹرانزیکشنز جو امریکہ میں انجام دی گئی ہوں ان کی کوئی فیس نہیں جن میں آپ کے دستخط استعمال ہوئے ہوں یا ذاتی شناختی نمبر (PIN) نمبر۔ فیسز کا جائزہ مرچنٹ لیول پر لگایا جا سکتا ہے۔ |
| بل کی آن لائن ادائیگی | $0.00 | ہماری ویب سائٹ، www.GoProgram.com پر ہماری بل کی ادائیگی کی سروس استعمال کرنے کی کوئی فیس نہیں ہے۔ |
| کیش حاصل کریں | | |
| ATM سے رقم نکلوانا (اندرون نیٹ ورک) | $0.00 | اندرون نیٹ ورک ATM سے رقم نکلوانے کی سرگرمیوں کی کوئی فیس نہیں ہوتی جو Allpoint اور MoneyPass ATM کے مقامات پر انجام دی گئی ہوں۔ اندرون نیٹ ورک مقامات https://www.allpointnetwork.com/locator.html پر اور moneypass.com/atm-locator.html پر تلاش کیے جا سکتے ہیں۔ ATM پر اپنا کارڈ استعمال کرتے ہوئے، زیادہ سے زیادہ وہ رقم جسے فی تقویمی دن آپ کے کارڈ اکاؤنٹ سے نکلوایا جا سکتا ہے وہ 500.00$ ہے۔ |
| ATM سے رقم نکلوانا (بیرون نیٹ ورک) | $1.35 | یہ ہماری فیس ہوتی ہے۔ "بیرون نیٹ ورک" سے مراد وہ تمام ATMs ہیں جو Allpoint سے باہر موجود ہوں نیز اس میں MoneyPass ATM نیٹ ورک میں شامل ہوتے ہیں۔ آپ سے ATM آپریٹر کی جانب سے بھی فیس چارج کی جائے گی، خواہ آپ نے اسے مکمل نہ کیا ہو یعنی ٹرانزیکشن۔ کسی ATM پر اپنا کارڈ استعمال کرتے ہوئے، زیادہ سے زیادہ کُل رقم جو ہو سکتی ہے فی تقویمی دن آپ کے کارڈ اکاؤنٹ سے نکلوائی گئی رقم 500.00$ ہے۔ |
| ٹیلر کی اعانت سے کیش نکلوانا (OTC) | $0.00 | آپ کو Mastercard کے ممبر بینک پر کسی فیس کے بغیر ٹیلر کی اعانت سے کیش نکلوانے کی لامحدود سرگرمیاں انجام دینے کی اجازت ہے یا کریڈٹ یونین ٹیلر ونڈوز بیلنس کے حوالے سے استفسارات کی کوئی فیس نہیں ہے۔ زیادہ تر ایسے بینکس اور کریڈٹ یونیز میں قبول کردہ جو Mastercard قبول کرتے ہیں۔ |
| معلومات | | |
| ATM بیلنس کا استفسار (اندرون یا بیرون نیٹ ورک) | $0.00 | ATM کے مقام پر |
| ATM استرداد (اندرون یا بیرون نیٹ ورک) | $0.00 | کسی بھی ATM میں مسترد کردہ ٹرانزیکشنز کی کوئی فیس نہیں ہے۔ |
| کسٹمر سروس | $0.00 | آپ کے کارڈ کی عقبی جانب موجود آٹو میٹڈ کسٹمر سروس نمبر پر کال کرنے کی کوئی فیس نہیں ہے۔ لائیو ایجنٹ کو ٹرانسفر کرنے کی کبھی کوئی فیس نہیں ہوتی۔ |
| امریکہ سے باہر اپنا کارڈ استعمال کرنا | | |
| بین الاقوامی ATM سے رقم نکلوانا | $1.35 | یہ ہماری وہ فیس ہے جو آپ سے امریکہ سے باہر ہر مرتبہ ATM سے پیسے نکلوانے پر چارج کی جائے گی۔ آپ سے ATM آپریٹر کی جانب سے بھی فیس چارج کی جائے گی، خواہ آپ نے مکمل نہ کیا ہو ٹرانزیکشن۔ |
| بین الاقوامی ٹرانزیکشن کی فیس | 2% | تبادلے کا ریٹ امریکہ سے باہر کی گئی ہر ٹرانزیکشن کی رقم کے لیے Mastercard فیس ہے۔ |
| دیگر | | |
| کارڈ کی تبدیلی | $0.00 | آپ کے کارڈ کو تبدیل کرنے کا کبھی کوئی چارج نہیں ہوتا۔ امریکہ میں معیاری ڈیلیوری 7 تا 10 تقویمی ایام میں ہوتی ہے۔ |
| کارڈ کی تیز رفتار ترسیل | $18.50 | اگر آپ اپنے متبادل کارڈ کو عام ڈاک کی بجائے جلدی حاصل کرنے کی درخواست کرتے ہیں، تو آپ سے تیز رفتار کارڈ ڈیلیوری فیس وصول کی جائے گی۔ کارڈ کی تیز رفتار ڈیلیوری 3 تا 5 تقویمی ایام ہے ایام۔ |
| فنڈز ٹرانسفر | $0.00 | آپ کے کارڈ اکاؤنٹ سے آپ کی زیر ملکیت امریکی بینک اکاؤنٹ میں فنڈز ٹرانسفر کرنے کی کوئی فیس نہیں ہے۔ |
| غیر فعالیت کی فیس | $1.00 | آپ کے کارڈ کی فعالیت کے بعد، 12 ماہ کی مسلسل غیر فعالیت کو دیکھ کر، ہم غیر فعالیت کی مدت کے 12 ماہ کے بعد والے مہینے میں، اور اس کے بعد غیر فعالیت کے ہر متواتر مہینے میں فیس کا تجزیہ کریں گے۔ غیر فعالیت سے مراد کسی ڈپازٹس، خریداریوں کا نہ ہونا، آٹو میٹڈ یا لائیو کسٹمر سروس کو کال نہ کرنا، کیش نہ نکلوانا، ATM بیلنس استفسارات نہ کرنا، یا 12 مہینے لگاتار فنڈز ٹرانسفر نہ کرنا ہے۔ غیر فعالیت کی فیس کارڈ کے اکاؤنٹ بیلنس سے چارج نہیں کی جائے گی کارڈ اکاؤنٹ کی سرگرمی شروع ہونے کے بعد یا صفر ($0.00) تک پہنچ جاتا ہے۔ |

آپ کے فنڈز FDIC انشورنس کے اہل ہیں اور انہیں Comerica Bank، FDIC کے ایک انشورنس یافتہ ادارے میں رکھا یا ٹرانسفر کیا جائے گا۔ وہاں آنے پر، Comerica Bank کے ناکام ہو جانے کی صورت میں FDIC کی جانب سے آپ کے فنڈز کی 250,000$ تک کی انشورنس ہوتی ہے، بشرطیکہ خصوصی ڈپازٹ انشورنس کے تقاضے پورے ہوں۔ تفصیلات کے لیے fdic.gov/deposit/deposits/prepaid.html ملاحظہ کریں۔

کوئی اوور ڈرافٹ/کریڈٹ فیچر نہیں۔

رابطہ کریںGo Programکسٹمر سروس بذریعہ کالنگ 1-844-309-5654، بذریعہ ڈاک P.O. Box 245997, San Antonio, TX 78224-5997 یا ملاحظہ کریںwww.GoProgram.com۔

پری پیڈ اکاؤنٹس کے متعلق عمومی معلومات کے لیے، cfpb.gov/prepaid ملاحظہ کریں۔

اگر پری پیڈ اکاؤنٹ کے متعلق آپ کی شکایت ہو، تو بیورو برائے صارف کا مالی تحفظ کو 1-855-411-2372 پر کال کریں یا cfpb.gov/complaint ملاحظہ کریں۔